# Noble Quran القُرآن الحَكِيمُ

Urdu Translation (Shah Abdul Qadir) اردو ترجمہ بمعہ عربی (حضرت شاہ عبدِالقادر)

## سورۃ الأعلى

بِسۡمِ اللهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

| | |
|---|---|
| سَبِّحِ ٱسۡمَ رَبِّكَ ٱلۡأَعۡلَى<br>پاکی بول (تسبیح کر) اپنے رب کے نام کی جو سب سے اوپر۔ | .1 |
| ٱلَّذِى خَلَقَ فَسَوَّىٰ<br>جس نے بنایا (پیدا کیا) پھر ٹھیک (تناسب قائم) کیا، | .2 |
| وَٱلَّذِى قَدَّرَ فَهَدَىٰ<br>اور جس نے ٹھہرایا (تقدیر بنائی)، پھر راہ دی (دکھائی)۔ | .3 |
| وَٱلَّذِىٓ أَخۡرَجَ ٱلۡمَرۡعَىٰ<br>اور جس نے نکالا چارا۔ | .4 |
| فَجَعَلَهُۥ غُثَآءً أَحۡوَىٰ<br>پھر کر ڈالا اس کو کوڑا کالا۔ | .5 |

| | |
|---|---|
| سَنُقۡرِئُكَ فَلَا تَنسَىٰٓ<br>ہم پڑھائیں گے تجھ کو، پھر تو نہ بھولے گا، | .6 |
| إِلَّا مَا شَآءَ ٱللَّهُۚ<br>مگر جو چاہے اللہ۔<br>إِنَّهُۥ يَعۡلَمُ ٱلۡجَهۡرَ وَمَا يَخۡفَىٰ<br>وہ جانتا ہے پکارا (ظاہر) اور چھپا۔ | .7 |
| وَنُيَسِّرُكَ لِلۡيُسۡرَىٰ<br>اور سہج سہج (آسانی سے) پہنچادیں گے ہم تجھ کو آسانی تک۔ | .8 |
| فَذَكِّرۡ إِن نَّفَعَتِ ٱلذِّكۡرَىٰ<br>سو تو سمجھا۔ اگر کام کرے سمجھانا، | .9 |
| سَيَذَّكَّرُ مَن يَخۡشَىٰ<br>سمجھ جائے گا جس کو ڈر ہو گا۔ | .10 |
| وَيَتَجَنَّبُهَا ٱلۡأَشۡقَى<br>اور سرک رہے (گریز کرے) گا اس سے بڑا بدبخت۔ | .11 |

| | |
|---|---|
| ٱلَّذِى يَصۡلَى ٱلنَّارَ ٱلۡكُبۡرَىٰ<br>وہ جو پہنچے گا بڑی آگ میں، | .12 |
| ثُمَّ لَا يَمُوتُ فِيهَا وَلَا يَحۡيَىٰ<br>پھر نہ مرے گا اس میں نہ جیئے گا۔ | .13 |
| قَدۡ أَفۡلَحَ مَن تَزَكَّىٰ<br>بیشک بھلا ہوا اس کا جو سنورا، | .14 |
| وَذَكَرَ ٱسۡمَ رَبِّهِۦ فَصَلَّىٰ<br>اور پڑھا نام اپنے رب کا، پھر نماز کی (پڑھی)۔ | .15 |
| بَلۡ تُؤۡثِرُونَ ٱلۡحَيَوٰةَ ٱلدُّنۡيَا<br>کوئی نہیں (لیکن)! تم آگے رکھتے (ترجیح دیتے) ہو دنیا کا جینا، | .16 |
| وَٱلۡأَخِرَةُ خَيۡرٌ وَأَبۡقَىٰٓ<br>اور پچھلا گھر (اُخروی زندگی) بہتر ہے اور رہنے والا۔ | .17 |
| إِنَّ هَٰذَا لَفِى ٱلصُّحُفِ ٱلۡأُولَىٰ<br>یہ کچھ لکھا ہے پہلے ورقوں (صحیفوں) میں، | .18 |

.19

# صُحُفِ إِبۡرَاهِيمَ وَمُوسَىٰ

ورق (صحیفے) ابراہیم کے اور موسیٰ کے۔

*********

© Copy Rights:
*Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana*
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com
Email:
quran4u_com@yahoo.com